سورۃ المدثر (74)

(مکی — کل آیات 56)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

يٰۤاَيُّهَا الۡمُدَّثِّرُ (1)

اے کپڑے میں لپٹنے والے۔

قُمۡ فَاَنۡذِرۡ (2)

اٹھو پھر (کافروں کو) ڈراؤ۔

وَرَبَّكَ فَكَبِّرۡ (3)

اور اپنے رب کی بڑائی بیان کرو۔

وَثِيَابَكَ فَطَهِّرۡ (4)

اور اپنے کپڑے پاک رکھو۔

وَالرُّجۡزَ فَاهۡجُرۡ (5)

اور میل کچیل دور کرو۔

وَلَا تَمۡنُنۡ تَسۡتَكۡثِرُ (6)

اور بدلہ پانے کی غرض سے احسان نہ کرو۔

وَلِرَبِّكَ فَاصۡبِرۡ (7)

اور اپنے رب کے لیے صبر کرو۔

فَاِذَا نُقِرَ فِى النَّاقُوۡرِ (8)

پھر جب صور میں پھونکا جائے گا۔

فَذٰلِكَ يَوۡمَئِذٍ يَّوۡمٌ عَسِيۡرٌ (9)

پس وہ اس دن بڑا کٹھن دن ہوگا۔

عَلَى الۡكٰفِرِيۡنَ غَيۡرُ يَسِيۡرٍ (10)

کافروں پر وہ آسان نہ ہوگا۔

ذَرۡنِىۡ وَمَنۡ خَلَقۡتُ وَحِيۡدًا (11)

مجھے اور اس کو چھوڑ دو کہ جس کو میں نے اکیلا پیدا کیا۔

وَّجَعَلۡتُ لَهٗ مَالًا مَّمۡدُوۡدًا (12)

اور اس کو بڑھنے والا مال دیا۔

وَّبَنِيۡنَ شُهُوۡدًا (13)

اور حاضر رہنے والے بیٹے دیے۔

وَّمَهَّدْتُّ لَهٗ تَمۡهِيۡدًا (14)

اور اس کے لیے ہر طرح کا سامان تیار کر دیا۔

ثُمَّ يَطۡمَعُ اَنۡ اَزِيۡدَ (15)

پھر وہ طمع کرتا ہے کہ میں اور بڑھا دوں۔

كَلَّا ؕ اِنَّهٗ كَانَ لِاٰيٰتِنَا عَنِيۡدًا (16)

ہرگز نہیں، بے شک وہ ہماری آیات کا سخت مخالف ہے۔

سَاُرۡهِقُهٗ صَعُوۡدًا (17)

عنقریب میں اسے اونچی گھاٹی پر چڑھاؤں گا۔

اِنَّهٗ فَكَّرَ وَقَدَّرَ (18)

بے شک اس نے سوچا اور اندازہ لگایا۔

فَقُتِلَ كَيۡفَ قَدَّرَ (19)

پھر اسے اللہ کی مار اس نے کیسا اندازہ لگایا۔

ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ (20)

پھر اسے اللہ کی مار اس نے کیسا اندازہ لگایا۔

ثُمَّ نَظَرَ (21)

پھر اس نے دیکھا۔

ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ (22)

پھر اس نے تیوری چڑھائی اور منہ بنایا۔

ثُمَّ اَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ (23)

پھر پیٹھ پھیر لی اور تکبر کیا۔

فَقَالَ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ يُّؤْثَرُ (24)

پھر کہا یہ تو ایک جادو ہے جو چلا آتا ہے۔

اِنْ هٰذَآ اِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ (25)

یہ تو ہو نہ ہو آدمی کا کلام ہے۔

سَاُصْلِيْهِ سَقَرَ (26)

عنقریب اس کو دوزخ میں ڈالوں گا۔

وَمَآ اَدْرَاكَ مَا سَقَرُ (27)

اور آپ کو کیا خبر کہ دوزخ کیا ہے۔

لَا تُبْقِىْ وَلَا تَذَرُ (28)

نہ باقی رکھے اور نہ چھوڑے۔

لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ (29)

آدمی کو جھلس دے۔

عَلَيۡهَا تِسۡعَةَ عَشَرَ (30)

اس پر انیس (فرشتے) مقرر ہیں۔

وَمَا جَعَلۡنَاۤ اَصۡحٰبَ النَّارِ اِلَّا مَلٰٓٮِٕكَةً ۙ وَّمَا جَعَلۡنَا عِدَّتَهُمۡ اِلَّا فِتۡنَةً لِّلَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا ۙ لِيَسۡتَيۡقِنَ الَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡكِتٰبَ وَيَزۡدَادَ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِيۡمَانًا وَّلَا يَرۡتَابَ الَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡكِتٰبَ وَالۡمُؤۡمِنُوۡنَ ۙ وَلِيَقُوۡلَ الَّذِيۡنَ فِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ وَّالۡكٰفِرُوۡنَ مَاذَاۤ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنۡ يَّشَآءُ وَيَهۡدِىۡ مَنۡ يَّشَآءُ ؕ وَمَا يَعۡلَمُ جُنُوۡدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ ؕ وَمَا هِىَ اِلَّا ذِكۡرٰى لِلۡبَشَرِ (31)

اور ہم نے دوزخ پر فرشتے ہی رکھے ہیں، اوران کی تعداد کافروں کے لیے آزمائش بنائی ہے، تاکہ جن کو کتاب دی گئی ہے وہ یقین کرلیں اور ایمان داروں کا ایمان بڑھے، اور تاکہ اہلِ کتاب اور ایمان دار شک نہ کریں، اور تاکہ جن کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے اور کافر یہ کہیں کہ اللہ کی اس بیان سے کیا غرض ہے، اور اللہ اس طرح سے جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے، اور آپ کے رب کے لشکروں کو اس کے سوا اور کوئی نہیں جانتا، اور دوزخ (کا حال بیان کرنا) صرف آدمیوں کی نصیحت کے لیے ہے۔

كَلَّا وَالۡقَمَرِ (32)

نہیں نہیں قسم ہے چاند کی۔

وَالَّيۡلِ اِذۡ اَدۡبَرَ (33)

اور رات کی جب وہ ڈھلے۔

وَالصُّبۡحِ اِذَاۤ اَسۡفَرَ (34)

اور صبح کی جب وہ روشن ہوجائے۔

اِنَّهَا لَاِحۡدَى الۡكُبَرِ (35)

کہ وہ (دوزخ) بڑی بڑی مصیبتوں میں سے ایک ہے۔

نَذِيۡرًا لِّلۡبَشَرِ (36)

انسان کو ڈرانے والی ہے۔

لِمَنۡ شَآءَ مِنۡكُمۡ اَنۡ يَّتَقَدَّمَ اَوۡ يَتَاَخَّرَ (37)

تم میں سے ہر ایک کے لیے خواہ کوئی اس کے آگے آئے یا پیچھے ہٹے۔

كُلُّ نَفۡسٍۭ بِمَا كَسَبَتۡ رَهِيۡنَةٌ ۙ (38)

ہر شخص اپنے اعمال کے سبب گروی ہے۔

اِلَّاۤ اَصۡحٰبَ الۡيَمِيۡنِ ؕ (39)

مگر داہنے والے۔

فِىۡ جَنّٰتٍ ۛؕ يَتَسَآءَلُوۡنَ (40)

باغوں میں ہوں گے، ایک دوسرے سے پوچھیں گے۔

عَنِ الۡمُجۡرِمِيۡنَ (41)

گناہگاروں کی نسبت۔

مَا سَلَـكَكُمۡ فِىۡ سَقَرَ (42)

کس چیز نے تمہیں دوزخ میں ڈالا۔

قَالُوۡا لَمۡ نَكُ مِنَ الۡمُصَلِّيۡنَ (43)

وہ کہیں گے کہ ہم نمازی نہ تھے۔

وَلَمۡ نَكُ نُطۡعِمُ الۡمِسۡكِيۡنَ (44)

اور نہ ہم مسکینوں کو کھانا کھلاتے تھے۔

وَكُنَّا نَخُوۡضُ مَعَ الۡخَآٮِٕضِيۡنَ (45)

اور ہم بکواس کرنے والوں کے ساتھ بکواس کیا کرتے تھے۔

وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوۡمِ الدِّيۡنِ (46)

اور ہم انصاف کے دن کو جھٹلایا کرتے تھے۔

حَتّٰٓى اَتٰٮنَا الۡيَقِيۡنُ (47)

یہاں تک کہ ہمیں موت آ پہنچی۔

فَمَا تَنۡفَعُهُمۡ شَفَاعَةُ الشّٰفِعِيۡنَ (48)

پس ان کو سفارش کرنے والوں کی سفارش نفع نہ دے گی۔

فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِيْنَ (49)

پس انہیں کیا ہوگیا کہ وہ نصیحت سے منہ موڑ رہے ہیں۔

كَاَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ (50)

گویا کہ وہ بدکنے والے گدھے ہیں۔

فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ (51)

جو شیر سے بھاگے ہیں۔

بَلْ يُرِيْدُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ يُّؤْتٰى صُحُفًا مُّنَشَّرَةً (52)

بلکہ ہر ایک آدمی ان میں سے چاہتا ہے کہ اسے کھلے ہوئے صحیفے دیے جائیں۔

كَلَّا ؕ بَلْ لَّا يَخَافُوْنَ الْاٰخِرَةَ (53)

ہر گز نہیں، بلکہ وہ آخرت سے نہیں ڈرتے۔

كَلَّآ اِنَّهٗ تَذْكِرَةٌ (54)

ہر گز نہیں، بے شک یہ (قرآن) ایک نصیحت ہے۔

فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ (55)

پس جو چاہے اس کو یاد کرلے۔

وَمَا يَذْكُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ (56)

اور کوئی بھی یاد نہیں کرسکتا مگر جبکہ اللہ ہی چاہے، وہی ہے جس سے ڈرنا چاہیے اور وہی بخشنے والا ہے۔